10230 ـ سجدہ سہو میں سے ایک سجدہ کیا تو اسے یاد آیا کہ اس سے تو کوئی غلطی ہی نہیں ہوئی

سوال

ایک شخص نے ابھی سجدہ سہو کا پہلا سجدہ ہی کیا تھا کہ اسے یاد آیا اس سے تو سجدہ سہو لازم کرنے والی کوئی چیز سرزد ہی نہیں ہوئی، کیا وہ دوسرا سجدہ کرے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میں نے اپنے استاد شیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ تعالی سے دریافت کیا تو انہوں نے توقف اختیار کر لیا.

پھر جواب دیا کہ:

زیادہ قریب یہی ہے کہ وہ دوسرا سجدہ کر لے، تا کہ وہ پوچھ گچھ اور سبحان اللہ کہنے کا دروازہ نہ کھول دے (یعنی اگر وہ امام ہے).

اللہ تعالی ہی زیادہ علم رکھنے والا ہے.